سوال

(184) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ ماننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن مجید میں ہے :

اس آیت میں حضرت عیسی علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کہنے والوں کو کافر کہا گیا ہے ، توکیا حضرت عیسی علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کہنے والے کافر ہوسکتے ہیں تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کہنے والے کافر کیوں نہیں ہوسکتے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی شخص واقعی ایسا عقیدہ رکھتا ہے کہ وہ اللہ کے علاوہ کسی نبی ، ولی ، فرشتے یا جن وغیرہ کو اللہ یا رب مانتا ہے تو مذکورہ آیت مبارکہ کی روشنی میں وہ کفر کا ارتکاب کرتا ہے ، اور یہ آیت مبارکہ اپنے معنیٰ میں واضح اور صریح ہے ، اس میں کسی تاویل کی گنجائش نہیں ہے ، لیکن یاد رہے کہ کفر کا فتویٰ کوئی اہل علم ہی لگا سکتا ہے ، ہر کسی کو کفریہ فتاویٰ لگانے سے اجتناب کرنا چاہئیے ۔ کیونکہ فتویٰ لگانے سے پہلے ایسا عقیدہ رکھنے والے آدمی کی مکمل جانچ پڑتال کی جائے گی اور موانع و شروط کا خیال رکھا جائے گا ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 09 ص